یونٹ 12

احتمال

حاصلاتِ تعلم

اس یونٹ کو مکمل کرنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- مشترکہ واقعات کا احتمال معلوم کرتے ہوئے جہاں مناسب ہو وہاں سیمپل اسپیس خاکہ، امکانی خاکہ، شجری خاکہ اور وین اشکال استعمال کر سکیں۔
- باہمی متنافی واقعات (جیسے بائیں اور دائیں جانب سکہ اچھالنا، ڈائی پر طاق اور جفت اعداد، کوئی کھیل جیتنا یا ہارنا) پر مشتمل مسائل کو حل کرنے کے لیے احتمال کا قانون جمع لاگو کر سکیں۔
- آزاد اور منحصر واقعات (جیسے تجارت، سکہ اچھالنا، دو پتوں کا یکے بعد دیگرے مع واپسی اور بلا واپسی وغیرہ) پر مشتمل مسائل کو حل کرنے کے لیے احتمال کا قانون ضرب لاگو کر سکیں۔

12.1 احتمال (Probability)

احتمال ہمیں یہ سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ کسی چیز کے رونما ہونے کا کتنا امکان ہے۔ ہم اسے روز استعمال کرتے ہیں، بے شک یہ نہیں جانتے کہ ہم اس کا استعمال کر رہے ہیں، جیسے یہ اندازہ لگانا کہ آیا بارش ہوگی اور چھتری لے کر جانا چاہیے یا کھیل جیتنے کے بارے میں سوچنا۔ یہ ہمیں اس وقت اچھا اندازہ لگانے کا طریقہ فراہم کرتا ہے جب ہم یقین سے نہیں جانتے کہ کیا ہوگا۔ سادہ الفاظ میں، جب بھی ہم غیر یقینی صورتحال سے نمٹتے ہیں تو احتمال کار آمد ہوتا ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
>
> شماریاتی تجربہ (Statistical Experiment) ایک قسم کا بلا ترتیب تجربہ (Random Experiment) ہوتا ہے جہاں نتائج کو عددی طور پر ماپا جاتا ہے۔ اور شماریاتی طریقوں کے استعمال سے تجزیہ کیا جاتا ہے۔
>
> تمام شماریاتی تجربات بلا ترتیب تجربات ہوتے ہیں، لیکن تمام بلا ترتیب تجربات شماریاتی تجربات نہیں ہوتے۔

بلا ترتیب تجربہ (Random Experiment)

بلا ترتیب تجربہ وہ تجربہ ہے، جس میں:

(i) تمام ممکنہ نتائج کا سیٹ معلوم ہوتا ہے۔ (ii) درست نتیجہ معلوم نہیں ہوتا۔

مثال کے طور پر سکہ اچھالنا یا ڈائس پھینکنا۔

نتائج اور سیمپل اسپیس (Outcomes and Sample Space)

ایک بلا ترتیب تجربے کے ممکنہ نتیجے کو ماحصل (نتیجہ) کہتے ہیں۔

ایک بلا ترتیب تجربے میں تمام ممکنہ نتائج کا مجموعہ سیمپل اسپیس کہلاتا ہے۔ اسے S سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور، جب ہم ڈائس پھینکتے ہیں تو ممکنہ نتائج 1، 2، 3، 4، 5، 6 ہوتے ہیں۔

لہٰذا سیمپل اسپیس $S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$ ہے۔

www.ilmkidunya.com

سیمپل اسپیس کا ہر رکن سیمپل پوائنٹ کہلاتا ہے۔

> **یاد رکھیے!**
> ایک تجربے کو ایک بار آزمانا آزمائش (Trial) کہلاتا ہے۔ جب ہم ایک سکہ تین بار اچھالتے ہیں تو سکے کا ہر بار اچھالنا ایک آزمائش ہے۔

واقعہ (Event)

ایک بلا ترتیب تجربے میں، ہر ممکنہ نتیجہ ایک واقعہ (Event) کہلاتا ہے۔ لہٰذا ہم واقعہ، سیمپل اسپیس کا تحتی سیٹ ہوتا ہے۔

مثال کے طور پر، جب ہم دو سکے اچھالتے ہیں تو دو ہیڈ حاصل کرنا ایک وقعہ ہے۔

واقعات	وضاحت	مثال
مساوی امکانی واقعات (Equally Likely Events)	دو یا دو سے زیادہ واقعات کو مساوی امکانی واقعات کہا جاتا ہے اگر ان میں سے ہر ایک کے رونما ہونے کا مساوی موقع ہو۔	جب ہم ایک ڈائس پھینکتے ہیں تو، اعداد 6,5,4,3,2,1 مساوی امکانی واقعات ہیں۔
یقینی واقعات (Certain Events)	ایک تجربہ میں، وہ واقعہ جو یقینی طور پر رونما ہوتا ہے اسے یقینی واقعہ کہا جاتا ہے۔	جب ہم ایک ڈائس پھینکتے ہیں تو 1 سے 6 کوئی بھی قدرتی عدد حاصل کرنے کا واقعہ ایک یقینی واقعہ ہے۔
ناممکن واقعات (Impossible Events)	ایک ناممکن واقعہ وہ واقعہ ہے جو کسی بھی دی ہوئی حالت میں رونما نہیں ہو سکتا۔	جب ہم دو سکے اچھالتے ہیں تو تین ہیڈز حاصل کرنے کا واقعہ ایک ناممکن واقعہ ہے۔
باہمی متنافی واقعات (Mutually Exclusive Events)	دو یا دو سے زیادہ واقعات کو باہمی متنافی واقعات کہا جاتا ہے اگر ان میں کوئی مشترکہ سیمپل پوائنٹس نہ ہوں، یعنی واقعات A اور B کو باہمی متنافی واقعات کہا جاتا ہے اگر $A \cap B = \phi$ ہو۔	جب ہم ایک ڈائس پھینکتے ہیں تو طاق اور جفت اعداد حاصل کرنے کے واقعات باہمی متنافی واقعات ہیں۔
جامع واقعات (Exhaustive Events)	واقعات کے اس مجموعہ کو جن کا یونین پورا سیمپل اسپیس ہو، جامع واقعات کہا جاتا ہے۔	جب ہم ایک سکہ دو بار اچھالتے ہیں تو دو ہیڈز، صرف ایک ہیڈ اور کوئی ہیڈ نہیں حاصل کرنے کے واقعات جامع واقعات ہیں۔
تکمیلی واقعات (Complementary Events)	کسی واقعہ A کا کمپلیمنٹ وہ واقعہ ہوتا ہے جو ان سیمپل پوائنٹس کے مجموعے کی نمائندگی کرتا ہو جو A میں شامل نہ ہوں۔ اسے A' یا A^C یا $\overline{A}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ واقعہ A اور اس کا کمپلیمنٹ A' باہمی متنافی اور جامع واقعات ہوتے ہیں۔	جب ہم ایک سکہ اچھالتے ہیں تو واقعہ ہیڈ اور واقعہ ٹیل تکمیلی واقعات ہیں۔

مشترکہ واقعات (Combined Events)

مشترکہ واقعہ، جسے مرکب واقعہ (Compound Event) بھی کہا جاتا ہے، ایک ایسا واقعہ ہے جو دو یا دو سے زیادہ سادہ واقعات پر مشتمل ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ سادہ واقعہ وہ واقعہ ہے جس میں سیمپل اسپیس کا صرف ایک نقطہ شامل ہو۔ مثال کے طور پر ایک سکے کو دوبارہ اچھالنا اور کم از کم ایک

www.ilmkidunya.com

ہیڈ حاصل کرنا مشترکہ واقعہ ہے۔

مشترکہ واقعات کی اقسام (Types of Combined Events)

آزاد واقعات (Independent Events)

(a) دو یا دو سے زیادہ واقعات کو آزاد کہا جاتا ہے، اگر ایک کا نتیجہ دوسرے کے نتیجے پر اثر انداز نہ ہوتا ہو۔
مثال کے طور پر، ایک سکے کا متعدد بار اچھالنا، ہر بار کا اچھالنا دوسرے سے آزاد ہوتا ہے۔

(b) منحصر واقعات (Dependent Events)



دو یا دو سے زیادہ واقعات کو منحصر کہا جاتا ہے اگر ایک کا نتیجہ دوسرے کے نتیجے پر اثر انداز ہوتا ہو۔

مثال کے طور پر، واپس رکھے بغیر تاش کی گڈی سے پتے نکالنا، پہلے نکالے گئے پتے کا دوسرے نکالے گئے پتوں کے احتمال کو تبدیل کر دیتا ہے۔

(c) باہمی متنافی واقعات (Mutually Exclusive Events)

دو یا دو سے زیادہ واقعات کو باہمی متنافی واقعات کہا جاتا ہے اگر وہ ایک ہی وقت میں رونما نہ ہو سکیں۔ اگر ایک واقعہ رونما ہو سکتا ہے، تو دوسرا نہیں ہو سکتا۔ مثال کے طور پر، جب ہم ایک ڈائس پھینکتے ہیں تو ایک ہی وقت میں 3 اور 5 حاصل کرنا ناممکن ہے۔

(d) غیر باہمی متنافی واقعات (Non-Mutually Exclusive Events)

دو یا دو سے زیادہ واقعات کو غیر باہمی متنافی واقعات کہا جاتا ہے اگر وہ ایک ہی وقت میں رونما ہو سکیں۔ یہ واقعات اوورلیپ کر سکتے ہیں۔
مثال کے طور پر، تاش کے پتوں سے سرخ پتا یا بادشاہ نکالنا۔

شجری خاکہ (Tree Diagram)

شجری خاکہ ایک بصری ہے جو احتمال میں ایک یا ایک سے زیادہ واقعات کے تمام ممکنہ نتائج کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ شجری خاکہ کی ہر شاخ ایک ممکنہ نتیجے کا اظہار کرتی ہے۔



(i) جب ہم ڈائس پھینکتے ہیں تو شجری خاکہ (شکل 12.2) سے، سیمپل اسپیس کو یوں لکھا جا سکتا ہے:

$$S = \{1,2,3,4,5,6\}$$



(ii) جبکہ ہم دو سکے اچھالتے ہیں تو شجری خاکہ (شکل 12.3 سے)، سیمپل اسپیس کو یوں لکھا جا سکتا ہے:

$$S = \{HH, HT, TH, TT\}$$

مثال 1: شجری خاکہ استعمال کرتے ہوئے دو ڈائس کو پھینکنے کی سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔

حل: جب ہم دو ڈائس پھینکتے ہیں، چوں کہ ہر ڈائس کے اوپری رُخ پر 1,2,3,4,5,6 ہوتا ہے، تو شجری خاکہ اس طرح دکھائی دے گا۔ لہٰذا، سیمپل اسپیس کو اس طرح لکھا جا سکتا ہے:

www.ilmkidunya.com



S =
(1, 1), (1, 2), (1, 3)
(1, 4), (1, 5), (1, 6)

(2, 1), (2, 2), (2, 3)
(2, 4), (2, 5), (2, 6)

(3, 1), (3, 2), (3, 3)
(3, 4), (3, 5), (3, 6)

(4, 1), (4, 2), (4, 3)
(4, 4), (4, 5), (4, 6)

(5, 1), (5, 2), (5, 3)
(5, 4), (5, 5), (5, 6)

(6, 1), (6, 2), (6, 3)
(6, 4), (6, 5), (6, 6)

سیمپل اسپیس خاکہ (Sample Space Diagram)

سیمپل اسپیس خاکہ ایک اظہار ہے جو کسی تجربے کے تمام ممکنہ نتائج کو فہرست یا جدول کی شکل میں ظاہر کرتا ہے۔ جب ہم دو سکے اچھالتے ہیں تو سیمپل اسپیس کو یوں لکھا جاتا ہے: S = {HH, HT, TH, TT}

امکانی خاکہ (Possibility Diagram)

امکانی خاکہ گرڈ یا جدول میں ایک اظہار ہے جو دو واقعات کے تمام ممکنہ نتائج کو ظاہر کرتا ہے۔ جب ہم دو سکے اچھالتے ہیں، تو امکانی خاکہ یوں نظر آئے گا:

سکہ 1

سکہ 2

	H	*T*
H	*HH*	*HT*
T	*TH*	*TT*

مثال 2: ہاشم نے ایک ڈائس اور ایک سکہ بیک وقت اچھالا۔ امکانی خاکہ بنائیے۔

حل:

ڈائس

سکہ

	1	2	3	4	5	6
H	(*H*,1)	(*H*,2)	(*H*,3)	(*H*,4)	(*H*,5)	(*H*,6)
T	(*T*,1)	(*T*,2)	(*T*,3)	(*T*,4)	(*T*,5)	(*T*,6)

واقعہ کا احتمال (Probability of an Event)

ایک بے ترتیب تجربے میں، فرض کیجیے S سیمپل اسپیس اور $E \subseteq S$ ہے۔ پھر اگر E ایک واقعہ ہے، تو E کے وقوع پذیر ہونے کے احتمال کو یوں بیان کیا جاتا ہے:

www.ilmkidunya.com

$$P(E) = \frac{\text{E کے وقوع پذیر ہونے والے سازگار نتائج کی تعداد}}{\text{تمام ممکنہ نتائج کی تعداد}} = \frac{n(E)}{n(S)}$$

احتمال کی تعریف کا یہ طریقہ صرف محدود سیمپل اسپیس پر لاگو ہوتا ہے۔ لہٰذا اس یونٹ میں ہم صرف محدود سیمپل اسپیس سے متعلق مسائل حل کریں گے۔

یاد رکھیے!

- $0 < P(E) < 1$ (احتمال کی قدر ہمیشہ 0 سے لے کر 1 تک ہوتی ہے)
- اگر $P(E) = 1$، ہو تو یہ واقعہ یقینی ہے۔
- اگر $P(E) = 0$، ہو تو یہ واقعہ ناممکن ہے۔
- E کا کمپلیمنٹ واقعہ $\overline{E}$ ہے۔ $P(E) + P(\overline{E}) = 1$

مثال 3: ایک بیگ میں 5 نیلی گیندیں اور 4 سبز گیندیں ہیں۔ ابوبکر تھیلے میں سے بلا ترتیب ایک گیند نکالتا ہے۔ احتمال معلوم کریں کہ نکالی گئی گیند (i) نیلی ہے (ii) نیلی نہیں ہے۔

حل: نتائج کی کل ممکنہ تعداد: $n(S) = 5 + 4 = 9$

(i) فرض کیجیے A نیلی گیند نکلنے کا واقعہ ہے۔ اس لیے $n(A) = 5$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{5}{9}$$

(ii) فرض کیجیے $\overline{A}$ نیلی گیند نہ نکلنے کا واقعہ ہے۔

$$P(\overline{A}) = 1 - P(A) = 1 - \frac{5}{9} = \frac{4}{9}$$

سرگرمی

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کیجیے۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ ایک سکہ لیں، اسے 5 بار، 10 بار، 15 بار یا 20 بار اچھالیں اور اپنے مشاہدات کو ریکارڈ کریں۔
- ہیڈ اور ٹیل کے اچھالوں کا تناسب کیا ہے؟ ہیڈ کے نتیجہ کا احتمال کیا ہے؟

مثال 4: دو ڈائس پھینکے جاتے ہیں۔ احتمال معلوم کریں کہ نتائج کا مجموعہ ہے۔

(i) 4 کے برابر (ii) 10 سے زیادہ (iii) 13 سے کم۔

حل: جب ہم دو ڈائس پھینکتے ہیں تو سیمپل اسپیس یوں دی جاتی ہے:

$$S = \{(1,1), (1,2), (1,3), (1,4), (1,5), (1,6)$$
$$(2,1), (2,2), (2,3), (2,4), (2,5), (2,6)$$
$$(3,1), (3,2), (3,3), (3,4), (3,5), (3,6)$$
$$(4,1), (4,2), (4,3), (4,4), (4,5), (4,6)$$
$$(5,1), (5,2), (5,3), (5,4), (5,5), (5,6)$$
$$(6,1), (6,2), (6,3), (6,4), (6,5), (6,6)\}; \; n(S) = 36$$

(i) فرض کیجیے A نتائج کے مجموعہ کا 4 کے برابر ہونے کا واقعہ ہے۔

$A = \{(1,3), (2,2), (3,1)\}; \; n(A) = 3$

نتائج کے مجموعہ کا 4 کے برابر ہونے کا احتمال ہے:

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{3}{36} = \frac{1}{12}$$

(ii) فرض کیجیے B نتائج کے مجموعہ کا 10 سے زیادہ ہونے کا واقعہ ہے۔

$B = \{(5,6), (6,5), (6,6)\}; \; n(B) = 3$

نتائج کے مجموعہ کا 10 سے زیادہ ہونے کا احتمال ہے:

www.ilmkidunya.com

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{3}{36} = \frac{1}{12}$$

(iii) فرض کیجیے کہ C نتائج کے مجموعہ کا 13 سے کم ہونے کا واقعہ ہے۔

یہاں، تمام 36 نتائج کا مجموعہ 13 سے کم ہے لہٰذا S = C ہے اس لیے $n(C) = n(S) = 36$

نتائج کے مجموعہ کا 13 سے کم ہونے کا احتمال: $P(C) = \frac{n(C)}{n(S)} = \frac{36}{36} = 1$

چیلنج!

ایک ناممکن واقعہ کا کمپلیمنٹ واقعہ کیا ہے؟

حل: فرض کیا ناممکن واقعہ ہم جانتے ہیں کہ

$$n(A) = 0, P(A) = 0$$
$$P(A) + P'(A) = 1$$
$$0 + P'(A) = 1$$
$$P'(A) = 1$$

مثال 5: دو سکے ایک ساتھ اچھالے گئے۔ دونوں سکوں پر مختلف رُخ آنے کا احتمال کیا ہے؟

حل: جب دو سکے اچھالے جاتے ہیں تو سیمپل اسپیس یہ ہے:

$S = \{HH, HT, TH, TT\}$; $n(S) = 4$

فرض کیجیے A سکوں پر مختلف رُخ آنے کا واقعہ ہے۔

$A = \{HT, TH\}$ $n(A) = 2$

سکوں پر مختلف رُخ آنے کا احتمال: $P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{2}{4} = \frac{1}{2}$

مثال 6: اگر ایک ساتھ ایک ڈائس اور ایک سکے کو پھینکا جائے تو احتمال معلوم کریں کہ ڈائس پر طاق عدد اور سکہ پر ہیڈ آئے۔



حل:

$S = \{(1,H), (1,T), (2,H), (2,T), (3,H), (3,T), (4,H), (4,T), (5,H), (5,T), (6,H), (6,T)\}$; $n(S) = 12$

فرض کیجیے A طاق عدد اور ہیڈ آنے کا واقعہ ہے۔

$A = \{(1, H), (3,H), (5,H)\}$; $n(A) = 3$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{3}{12} = \frac{1}{4}$$

مثال 7: امکانیت کا ایک کھیل جو کہ تیر کو گھمانے پر مشتمل ہے۔ جو کہ 1,2,3,.........,12 میں سے کسی ایک عدد پر رکنے کا یکساں امکان رکھتا ہے۔ احتمال کیا ہے کہ یہ تیر درج ذیل پر رُکے گا۔

(i) 7 (ii) ایک مفرد عدد (iii) ایک مرکب عدد



حل:

$S = \{1,2,3,4,5,6,7,8,9,10,11,12\}$; $n(S) = 12$

(i) فرض کیجیے کہ A تیر کا 7 پر رکنے کا واقعہ ہے، $n(A) = 1$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{1}{12}$$

www.ilmkidunya.com

(ii) فرض کیجیے کہ B تیر کا ایک مفرد عدد پر رکنے کا واقعہ ہے۔

$$B = \{2,3,5,7,11\} \; ; \; n(B) = 5$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{5}{12}$$

(iii) فرض کیجیے کہ C تیر کا ایک مرکب عدد پر رکنے کا واقعہ ہے۔

$$C = \{4, 6, 8, 9, 10, 12\} \; ; \; n(C) = 6$$

$$P(C) = \frac{n(C)}{n(S)} = \frac{6}{12} = \frac{1}{2}$$

سرگرمی

حوریہ کے گھر سے اس کے کام کی جگہ تک جانے کے چار راستے R_1, R_2, R_3 اور R_4 ہیں۔ بلڈنگ میں داخل ہونے کے لیے تین پارکنگ لاٹس P_1، P_2 اور P_3 اور دو داخلی راستے B_1, B_2 ہیں۔ بلڈنگ میں اس کے دفتر کی منزل تک تین لفٹیں E_1, E_2 اور E_3 ہیں۔ شجری خاکہ کا استعمال کرتے ہوئے وضاحت کریں کہ وہ کتنے طریقوں سے اپنے دفتر تک پہنچ سکتی ہے؟

حل:





www.ilmkidunya.com





پس کل طریقہ = 72

حل مشق 12.1

1- تین سکے اچھالنے کے لیے شجری خاکہ استعمال کرتے ہوئے سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔

حل:



S = {HHH, HHT, HTH, HTT, THH, THT, TTH, TTT}

www.ilmkidunya.com

2- ایک استاد بلاترتیب 2 لڑکوں (حامد، احمد) اور دو لڑکیوں (زینب، سمعیہ) کے ایک گروہ سے ایک لڑکا اور ایک لڑکی منتخب کرتا ہے۔ شجری خاکہ بنائیے اور تمام ممکنہ نتائج کے لیے سیمپل اسپیس کی فہرست بنائیے۔

حل:



سیمپل اسپیس = {(حامد، زینب)، (حامد، سمعیہ)، (احمد، زینب)، (احمد، سمعیہ)}

3- اگر ایک بلاترتیب تجربہ کا ایک واقعہ A ہے جب کہ $P(A) : P(\overline{A}) = 17 : 15$ اور $n(S) = 640$ ہے۔ تو معلوم کیجیے۔ (i) $P(\overline{A})$، (ii) $n(A)$

حل:

$P(A) : P(\overline{A}) = 17 : 15$ (معلوم)

ہم جانتے ہیں کہ

$P(A) + P(\overline{A}) = 1$ ______ (i)

فرض کیا $P(A) = 17x$ اور $P(\overline{A}) = 15x$

(i) میں قیمت درج کریں

$17x + 15x = 1$

$32x = 1$

$x = \frac{1}{32}$ ______ (ii)

$P(\overline{A}) = 15 \times \frac{1}{32}$

$= \frac{15}{32}$

(ii) $n(S) = 640$ دیا گیا

$P(A) = 17x$

(ii) سے $x = \frac{1}{32}$ کی قیمت درج کریں۔

$P(A) = 17 \times \frac{1}{32}$

ہم جانتے ہیں کہ

$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$

$\frac{17}{32} = \frac{n(A)}{640}$

$n(A) = \frac{17}{32} \times 640 = 340$

www.ilmkidunya.com

-4 ایک سکے کو تین بار پھینکا گیا۔ لگا تار دو ٹیل آنے کا احتمال کیا ہے۔

حل:

$S = \{HHH, HHT, HTH, HTT, THH, THT, TTH, TTT\}$

$n(S) = 8$

فرض کیا A سکوں پر لگا تار دو ٹیل آنے کا واقعہ ہے۔

$A = \{HTT, TTH, TTT\}$

$n(A) = 3$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$$

$$P(A) = \frac{3}{8}$$

ایک سکے کو تین بار پھینکا جائے اس پر لگا تار دو ٹیل آنے کا احتمال $\frac{3}{8}$ ہے۔

-5 ایک ڈائس اور ایک سکہ کو ایک ساتھ اچھالا گیا۔

(i) امکانی خاکہ بنا کر سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔ (ii) شجری خاکہ کے ذریعے سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔

(iii) ایک ٹیل اور ایک جفت عدد آنے کا احتمال کیا ہے؟

حل:

(i) امکانی خاکہ بنا کر سیمپل اسپیس

		سکہ	
		H	T
ڈائس	1	(1,H)	(1,T)
	2	(2,H)	(2,T)
	3	(3,H)	(3,T)
	4	(4,H)	(4,T)
	5	(5,H)	(5,T)
	6	(6,H)	(6,T)

S = {(1,H),(1,T), (2,H), (2, T)
(3,H), (3,T), (4,H), (4,T)
(5,H), (5,T), (6,H), (6,T)}

(ii) شجری خاکہ کے ذریعے سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔

حل:



S = {(1, H), (1,T), (2, H), (2, T)
(3, H), (3,T), (4, H), (4, T)
(15, H), (5,T),(6, H), (6, T)}

www.ilmkidunya.com

(iii) ایک ٹیل اور ایک جفت عدد آنے کا احتمال کیا ہے؟

حل:

$n(S) = 12$

$S = \{(1, H), (1, T), (2, H), (2, T), (3, H), (3, T), (4, H), (4, T), (5, H), (5, T), (6, H), (6, T)\}$

فرض کیا B ایک ٹیل اور ایک حقیقت آنے کا واقعہ ہے۔

$B = \{(T,2), (T,4), (T,6)\}, \ n(B) = 3$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{3}{12} = \frac{1}{4}$$

6- دو غیر جانبدار ڈائس کو ایک بار اچھالا گیا۔

(i) شجری خاکہ کے ذریعے سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔ (ii) امکانی خاکہ کے ذریعے سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔

(iii) درج ذیل حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجیے۔

(a) دونوں ڈائس پر ایک ہی عدد ہو (b) ان کا حاصل ضرب ایک مفرد عدد ہو۔

(c) مجموعہ ایک جفت عدد ہو۔ (d) مجموعہ 13 ہو۔

(i) شجری خاکہ کے ذریعے سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔

حل:



S = {
(1, 1), (1, 2), (1, 3)
(1, 4), (1, 5), (1, 6)
(2, 1), (2, 2), (2, 3)
(2, 4), (2, 5), (2, 6)
(3, 1), (3, 2), (3, 3)
(3, 4), (3, 5), (3, 6)
(4, 1), (4, 2), (4, 3)
(4, 4), (4, 5), (4, 6)
(5, 1), (5, 2), (5, 3)
(5, 4), (5, 5), (5, 6)
(6, 1), (6, 2), (6, 3)
(6, 4), (6, 5), (6, 6)

(ii) امکانی خاکہ کے ذریعے سیمپل اسپیس معلوم کیجیے۔

حل:

		ڈائس 2					
		1	2	3	4	5	6
ڈائس 1	1	(1, 1)	(1, 2)	(1, 3)	(1, 4)	(1, 5)	(1, 6)
	2	(2, 1)	(2, 2)	(2, 3)	(2, 4)	(2, 5)	(2, 6)
	3	(3, 1)	(3, 2)	(3, 3)	(3, 4)	(3, 5)	(3, 6)
	4	(4, 1)	(4, 2)	(4, 3)	(4, 4)	(4, 5)	(4, 6)
	5	(5, 1)	(5, 2)	(5, 3)	(5, 4)	(5, 5)	(5, 6)
	6	(6, 1)	(6, 2)	(6, 3)	(6, 4)	(6, 5)	(6, 6)

www.ilmkidunya.com

(iii) درج ذیل حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجیے۔

(a) دونوں ڈائس پر ایک ہی عدد ہو

حل:

$$S = \{(1, 1), (1, 2), (1, 3), (1, 4), (1, 5), (1, 6)$$
$$(2, 1), (2, 2), (2, 3), (2, 4), (2, 5), (2, 6)$$
$$(3, 1), (3, 2), (3, 3), (3, 4), (3, 5), (3, 6)$$
$$(4, 1), (4, 2), (4, 3), (4, 4), (4, 5), (4, 6)$$
$$(5, 1), (5, 2), (5, 3), (5, 4), (5, 5), (5, 6)$$
$$(6, 1), (6, 2), (6, 3), (6, 4), (6, 5), (6, 6)\}$$

فرض کیا A نتائج دونوں ڈائس پر ایک ہی عدد آنے والا واقعہ ہے۔

$$A = \{(1, 1), (2, 2), (3, 3), (4, 4), (5, 5), (6, 6)\}$$
$$n(A) = 6$$
$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)}$$
$$= \frac{6}{36} = \frac{1}{6}$$

(b) ان کا حاصل ضرب ایک مفرد عدد ہو۔

حل:

$$n(S) = 36$$

فرض کیا B نتائج کا حاصل ضرب ایک مفرد عدد ہونے کا واقعہ ہے۔

$$B = \{(1, 2), (2, 1), (1, 3), (3, 1), (1, 5), (5, 1)\}$$
$$n(B) = 6$$
$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)}$$
$$= \frac{6}{36} = \frac{1}{6}$$

(c) مجموعہ ایک جفت عدد ہو۔

حل:

$$n(S) = 36$$

فرض کیا C نتائج کا مجموعہ ایک جفت عدد ہونے کا واقعہ ہے

$$C = \{(1, 1), (1, 3), (1, 5), (2, 2), (2, 4), (2, 6)$$
$$= (3, 1), (3, 3), (3, 5), (4, 2), (4, 4), (4, 6)$$
$$= (5, 1), (5, 3), (5, 5), (6, 2), (6, 4), (6, 6)\}$$
$$n(C) = 18$$
$$P(C) = \frac{n(C)}{n(S)}$$
$$= \frac{18}{36} = \frac{1}{2}$$

www.ilmkidunya.com

(d) مجموعہ 13 ہو۔

حل: فرض کیا D نتائج کا مجموعہ 13 ہونے کا واقعہ ہے۔ زیادہ سے زیادہ مجموعہ 12 = 6 + 6 ہے۔
لہٰذا مجموعہ 13 ناممکن ہے۔

$n(D) = 0$

$$P(D) = \frac{n(D)}{n(S)}$$

$$= \frac{0}{36} = 0$$

-7 تین غیر جانبدار سکوں کو ایک ساتھ اچھالا گیا۔ درج ذیل حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجیے:

(i) تمام ٹیل (ii) کم از کم ایک ہیڈ (iii) زیادہ سے زیادہ دو ٹیل (iv) دو ہیڈز
(v) زیادہ سے زیادہ دو ہیڈز (vi) کوئی ہیڈ نہیں

(i) تمام ٹیل

حل:
{HHH, HHT, HTH, THH, HTT, THT, TTH, TTT}
$n(s) = 8$

فرض کیا A تمام ٹیل آنے کا واقعہ ہے۔

$A = \{TTT\}, n(A) = 1$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{1}{8}$$

(ii) کم از کم ایک ہیڈ

حل:
$n(S) = 8$

فرض کیا B کم از کم ایک ہیڈ آنے کا واقعہ ہے۔

B = {HHH, HHT, HTH, THH, HTT, THT, THT, TTH}, n(B) = 7

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{7}{8}$$

(iii) زیادہ سے زیادہ دو ٹیل

حل:
$n(S) = 8$

فرض کیا زیادہ سے زیادہ دو ٹیل آنے کا واقعہ ہے۔

C = {HHH, HHT, HTH, THH, HTT, THT, TTH} n(c) = 7

$$P(c) \frac{n(C)}{n(S)} = \frac{7}{8}$$

(iv) دو ہیڈز

حل: فرض کریں

E = [HHT, HTH, THH}, n(E) = 3

$$P(E) = \frac{n(E)}{n(S)} = \frac{3}{8}$$

www.ilmkidunya.com

(v) زیادہ سے زیادہ دو ہیڈز

حل:

فرض کیا D دو ہیڈز آنے کا واقعہ ہے

$n(S) = 8$

$D = \{HHT, HTH, THH, HTT, THT, TTH, TTT\}$

$n(D) = 7$

$$p(D) = \frac{n(D)}{n(S)} = \frac{7}{8}$$

(vi) کوئی ہیڈ نہیں

حل:

فرض کیا F کوئی ہیڈ نہیں آنے کا واقعہ ہے۔

$n(S) = 8$

$F = \{TTT\}, n(F) = 1$

$$P(F) = \frac{n(F)}{n(S)} = \frac{1}{8}$$

-8 ایک تھیلے میں 4 سرخ گیندیں، 5 سفید گیندیں، 6 سبز گیندیں اور 3 سیاہ گیندیں ہیں۔علی تھیلے میں سے بلاترتیب ایک گیند نکالتا ہے۔احتمال معلوم کیجیے کہ نکالی گئی گیند:

(i) سفید ہو۔ (ii) سرخ ہو۔ (iii) سفید نہ ہو۔ (iv) سیاہ نہ ہو

حل:

گیندوں کی کل تعداد $= 4+5+6+3 = 18$

$n(S) = 18$

(i) سفید ہو۔

حل: فرض کیا W سفید گیند ہونے کا واقعہ ہے۔

$n(W) = 5$

$$p(W) = \frac{n(W)}{n(S)} = \frac{5}{18}$$

(ii) سرخ ہو۔

حل: فرض کیا B سرخ گیند ہونے کا واقعہ ہے۔

$n(B) = 4$, $n(S) = 18$ (گیندوں کی کل تعداد)

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{4}{18} = \frac{2}{9}$$

(iii) سفید نہ ہو۔

حل:

فرض کیا W سفید گیند ہونے کا واقعہ ہے۔

$n(S) = 18$ (گیندوں کی کل تعداد)

$n(W) = 5$

$$P(W) = \frac{n(W)}{n(S)} = \frac{5}{18}$$

www.ilmkidunya.com

فرض کیا $\overline{W}$ سفید گیند نہ ہونے کا واقعہ ہے۔

$$P(\overline{W}) = 1 - P(W)$$

$$= 1 - \frac{5}{18}$$

$$= \frac{18-5}{18} = \frac{13}{18}$$

(iv) سیاہ نہ ہو۔

حل:

$n(S) = 18$ (گیندوں کی کل تعداد)

فرض کیا C سیاہ گیند ہونے کا واقعہ ہے۔

$$n(C) = 3$$

$$P(C) = \frac{3}{18} = \frac{1}{6}$$

فرض کیا $\overline{C}$ سیاہ گیند نہ ہونے کا واقعہ ہے۔

$$P(\overline{C}) + P(C) = 1$$

$$P(\overline{C}) = 1 - \frac{1}{6}$$

$$= \frac{6-1}{6} = \frac{5}{6}$$

9- **ایک عدد کو 1 سے لے کر 15 تک کے مکمل اعداد کے سیٹ سے ایک عدد بلاترتیب منتخب کیا گیا۔ احتمال معلوم کیجیے کہ منتخب عدد ہو۔**

(i) طاق عدد (ii) 3 کا جزوضربی (iii) 2 کا مربع (iv) مفرد عدد (v) 20

حل:

$$S = \{1, 2, 3, 4, \ldots, 15\}$$

$$n(S) = 15$$

(i) طاق عدد

حل:

$$n(S) = 15$$

فرض کیا A تمام طاق عدد ہونے کا واقعہ ہے۔

$$A = \{1, 3, 5, 7, 9, 11, 13, 15\}, \; n(A) = 8$$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{8}{15}$$

(ii) 3 کا جزوضربی

حل:

$$n(S) = 15$$

فرض کیا B کا جزوضربی ہونے کا واقعہ ہے۔

$$B = \{3, 6, 9, 12, 15\}, \; n(B) = 5$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{5}{15} = \frac{1}{3}$$

(iii) 2 کا مربع

حل:

$$n(S) = 15$$

www.ilmkidunya.com

فرض کیا C کامربع ہونے کا واقعہ ہے۔

$C = \{4\},\ n(C) = 1$

$$P(C) = \frac{n(C)}{n(S)} = \frac{1}{15}$$

(iv) مفرد عدد

حل:

$n(S) = 15$

فرض کیا D مفرد عدد ہونے کا واقعہ ہے۔

$D = \{2, 3, 5, 7, 11, 13\},\ n(D) = 6$

$$P(D) = \frac{n(D)}{n(S)} = \frac{6}{15} = \frac{2}{5}$$

(v) 20

حل:

$n(S) = 15$

فرض کیا N 20 ہونے کا واقعہ ہے۔
چونکہ 20 سے لے کر 15 کے سیٹ میں موجود نہیں

$N = \{\ \},\ n(N) = 0$

$$P(N) = \frac{n(N)}{n(S)} = \frac{0}{15} = 0$$

-10 اگر ایک واقعہ A کا احتمال $\frac{7}{10}$ ہو تو واقعہ "A نہیں" کا احتمال معلوم کیجیے۔

حل:

$P(A) = \frac{7}{10}$ (معلوم)

$$P(\overline{A}) = 1 - P(A)$$
$$= 1 - \frac{7}{10}$$
$$= \frac{10-7}{10} = \frac{3}{10}$$

-11 ایک ڈائس کو دو بارہ پھینکا گیا۔ ہر بار پھینکنے پر 4 سے بڑا عدد حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجیے۔

حل:

$S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6\}$ n, $n(S) = 6$

ایک ہی ڈائس پر 4 سے بڑا عدد حاصل ہونے کا واقعہ

P (پہلی باری > 4) $= \frac{2}{6} = \frac{1}{3}$

P(دوسری باری > 4) $= \frac{2}{6} = \frac{1}{3}$

P(دونوں باریوں میں > 4) $= \frac{1}{3} \times \frac{1}{3} = \frac{1}{9}$

12.2 احتمال کا قانون جمع (Addition Law of Probability)

(i) اگر A اور B کوئی غیر باہمی متنافی واقعات ہوں تو (ii) اگر A اور B کوئی دو باہمی متنافی واقعات ہوں تو

www.ilmkidunya.com

$P(A\cup B) = P(A) + P(B)$ $\qquad$ $P(A\cup B) = P(A) + P(B) - P(A\cap B)$

وین شکل (Venn Diagram)

ایک بلا ترتیب تجربے میں، فرض کریں S سیمپل اسپیس ہے اور فرض کریں $A \subseteq S$ اور $B \subseteq S$ وہ واقعات ہیں جو S میں ہیں، ہم کہتے ہیں کہ

(i) $(A\cap B)$ ایک ایسا واقعہ ہے جو صرف اس وقت وقوع پذیر ہوتا ہے جب A اور B دونوں وقوع پذیر ہوں۔	(ii) $(A\cup B)$ ایک ایسا واقعہ ہے جو صرف اس وقت وقوع پذیر ہوتا ہے جب A یا B وقوع پذیر ہوں۔	(iii) $\bar{A}$ ایک ایسا واقعہ ہے جو صرف اس وقت وقوع پذیر ہوتا ہے جب A وقوع پذیر نہ ہو۔
		

مثال 8: اگر $P(A) = 0.37$، $P(B) = 0.42$، $P(A\cap B) = 0.09$ ہو تو $P(A\cup B)$ معلوم کیجیے۔

حل: $P(A) = 0.37,\ P(B) = 0.42,\ P(A\cap B) = 0.09$

$$P(A\cup B) = P(A) + P(B) - P(A\cap B)$$

$$P(A\cup B) = 0.37 + 0.42 - 0.09 = 0.7$$

چیلنج!

$P(A\cap B)$ and $P(A\cup B)$ کا مجموعہ کیا ہے؟

حل:

$$P(A\cup B) = P(A) + P(B) - P(A\cap B)$$

دونوں اطراف $P(A\cap B)$ کا جمع کریں۔

$$P(A\cup B) + P(A\cap B) = P(A) + P(B) - P(A\cap B) + P(A\cap B)$$

$$P(A\cup B) + P(A\cap B) = P(A) + P(B)$$

مثال 9: پھولوں کی ایک ٹوکری میں 50 پیلے، 70 سرخ اور 80 سفید پھول ہیں۔ ان میں سے ایک پھول بلا ترتیب منتخب کیا جاتا ہے۔ پیلے یا سرخ پھول کے منتخب ہونے کا احتمال معلوم کیجیے۔

حل: پھولوں کی تعداد، $n(S) = 50 + 70 + 80 = 200$

پیلے پھولوں کی تعداد $n(Y) = 50$

$$\therefore P(Y) = \frac{n(Y)}{n(S)} = \frac{50}{200}$$

سرخ پھولوں کی تعداد $n(R) = 70$

$$\therefore P(R) = \frac{n(R)}{n(S)} = \frac{70}{200}$$

Y اور R باہمی متنافی واقعات ہیں لہٰذا، پیلے یا سرخ پھول کو منتخب کرنے کا احتمال ہے:

www.ilmkidunya.com

$$P(Y\cup R) = P(Y) + P(R)$$

$$\therefore P(Y\cup R) = \frac{50}{200} + \frac{70}{200} = \frac{120}{200} = \frac{3}{5}$$

مثال10: دو ڈائس ایک ساتھ پھینکے گئے۔ دونوں ڈائس پر ایک جیسے ہی اعداد ہوں یا اعداد کا مجموعہ 10 حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجیے۔

حل: فرض کریں S سیمپل اسپیس ہے، تو $n(S) = 36$

فرض کیجیے A دونوں ڈائس پر ایک جیسے ہی اعداد حاصل کرنے کا واقعہ ہے اور B اعداد کا مجموعہ 10 حاصل کرنے کا واقعہ ہے۔

تو $A = \{(1, 1), (2, 2), (3, 3), (4, 4), (5, 5), (6, 6)\}$

$B = \{(4, 6), (5, 5), (6, 4)\}$

$\therefore A\cap B = \{(5, 5)\}$

$n(A) = 6, n(B) = 3, n(A\cap B) = 1$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{6}{36}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{3}{36}$$

$$P(A\cap B) = \frac{n(A\cap B)}{n(S)} = \frac{1}{36}$$

$\therefore$ P(دونوں ڈائس پر ایک جیسے ہی اعداد یا اعداد کا مجموعہ ہو) $= P(A\cup B)$

$$= P(A) + P(B) - P(A\cap B)$$

$$= \frac{6}{36} + \frac{3}{36} - \frac{1}{36} = \frac{8}{36} = \frac{2}{9}$$

لہٰذا مطلوبہ احتمال $\frac{2}{9}$ ہے۔

حل مشق 12.2

-1 اگر A اور B دو ایسے واقعات ہوں کہ $P(A) = \frac{1}{4}$، $P(B) = \frac{1}{2}$ اور $P(A\cap B) = \frac{1}{8}$ ہوں تو $P(A\cup B)$ معلوم کیجیے۔

حل: دیا گیا ہے $P(A) = \frac{1}{4}, P(B) = \frac{1}{2}, P(A\cap B) = \frac{1}{8}$

$P(A\cup B)$

$$P(A\cup B) = P(A) + P(B) - P(A\cap B)$$

$$P(A\cup B) = \frac{1}{4} + \frac{1}{2} - \frac{1}{8}$$

$$P(A\cup B) = \frac{2+4-1}{8} = \frac{5}{8}$$

-2 ایک اپارٹمنٹ میں گھر کے دروازوں کے نمبر 1 سے 50 تک ہیں۔ ان میں سے ایک گھر کا دروازہ نمبر جفت عدد یا مکمل مربع ہونے کا احتمال معلوم کیجیے۔

حل: $S = \{1, 2, 3, 4, \ldots\ldots, 50\}, n(S) = 50$

فرض کیا A جفت عدد آنے کا اور B مکمل مربع آنے کا واقعہ ہے۔

$A = \{2, 4, 6, \ldots, 50\},\ n(A) = 25$

$B = \{1, 4, 9, 16, 25, 36, 49\},\ n(B) = 7$

$A \cap B = \{4, 16, 36\},\ n(A \cap B) = 3$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{25}{50} = \frac{1}{2}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{7}{50}$$

$$P(A \cap B) = \frac{n(A \cap B)}{n(S)} = \frac{3}{50}$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B) - P(A \cap B)$$

$$= \frac{1}{2} + \frac{7}{50} - \frac{3}{50}$$

$$= \frac{25 + 7 - 3}{50} = \frac{29}{50}$$

-3 ایک ٹیم کے کسی میچ کو جیتنے کا احتمال $\frac{3}{10}$ ہے اور کسی میچ کو ہارنے کا احتمال $\frac{2}{10}$ ہے۔ اس بات کا کیا احتمال ہے کہ:

(i) ٹیم ایک خاص میچ جیت جائے یا ہار جائے۔ (ii) ٹیم نہ ہی کوئی میچ جیتے نہ ہارے۔

حل: فرض کیا W جیتنے کا اور L ہارنے کا واقعہ ہے۔

$P(W) = \frac{3}{10},\ P(L) = \frac{2}{10}$ دیا گیا ہے

(i) ٹیم ایک خاص میچ جیت جائے یا ہار جائے۔

جیت اور ہار ایک باہمی متناہی واقعات ہیں۔

$$P(W \cup L) = P(W) + P(L)$$

$$= \frac{3}{10} + \frac{2}{10} = \frac{5}{10} = \frac{1}{2}$$

(ii) ٹیم نہ ہی کوئی میچ جیتے نہ ہارے۔

نہ ہی کوئی جیتے یا ہارے $= P(\overline{W \cup L})$

$$P(\overline{W \cup L}) = 1 - P(W \cup L)$$

$$= 1 - \frac{1}{2}$$

$$= \frac{2-1}{2} = \frac{1}{2}$$

-4 دو ڈائس کے ایک ہی بار پھینکنے پر، مجموعہ 7 یا 11 حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجیے۔

حل: کل نتائج $n(S) = 6 \times 6 = 36$

فرض کیا A اعداد کا مجموعہ 7 آنے کا واقعہ ہے اور B اعداد کا مجموعہ 11 آنے کا واقعہ ہے۔

www.ilmkidunya.com

$A = \{(1,6), (2,5), (3,4), (4,3), (5,2), (6,1)\}, \; n(A) = 6$

$B = \{(5,6), (6,5)\}, \; n(B) = 2$

$A \cap B = \phi$

لہٰذا A اور B باہمی متناہی واقعات ہیں۔

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{6}{36} = \frac{1}{6}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{2}{36} = \frac{1}{18}$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B)$$

$$= \frac{1}{6} + \frac{1}{18}$$

$$= \frac{3+1}{18} = \frac{4}{18} = \frac{2}{9}$$

-5 دو ڈائس کے ایک بار پھینکنے پر مجموعہ 5 یا 7 حاصل کرنے کا احتمال معلوم کیجیے۔

حل: کل نتائج $n(S) = 6 \times 6 = 36$

فرض کیا A مجموعہ 5 آنے کا واقعہ ہے اور B مجموعہ 7 کا مجموعہ آنے کا واقعہ ہے۔

$A = \{(1,4), (2,3), (3,2), (4,1)\}, \; n(A) = 4$

$B = \{(1,6), (2,5), (3,4), (4,3), (5,2), (6,1)\}, \; n(B) = 6$

$A \cap B = \phi$

لہٰذا A اور B باہمی متناہی واقعات ہیں۔

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{4}{36} = \frac{1}{9}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{6}{36} = \frac{1}{6}$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B)$$

$$= \frac{1}{9} + \frac{1}{6}$$

$$= \frac{2+3}{18} = \frac{5}{18}$$

-6 52 تاش کی گڈی کے پتوں سے بلا ترتیب ایک پتا نکالا گیا۔ نکالے گئے پتے کا احتمال معلوم کیجیے کہ وہ:

(i) ایک بادشاہ یا ایک غلام ہو۔ (ii) نہ بادشاہ اور نہ ہی غلام ہو۔

حل: (i) ایک بادشاہ یا ایک غلام ہو۔

کل پتے $= 52, \; n(s) = 52$

بادشاہ کے نمبر $= 4$, غلام کے نمبر $= 4$

فرض کیا A بادشاہ نکلنے کا واقعہ ہے اور B غلام نکلنے کا واقعہ ہے۔

$n(A) = 4, \; n(B) = 4$

www.ilmkidunya.com

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{4}{52} = \frac{1}{13}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{4}{52} = \frac{1}{13}$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B)$$

$$= \frac{1}{13} + \frac{1}{13} = \frac{2}{13}$$

(ii) نہ بادشاہ اور نہ ہی غلام ہو۔

حل:

نہ بادشاہ نہ ہی غلام ہو $= P(\overline{A \cup B})$

$$P(\overline{A \cup B}) = 1 - P(A \cup B)$$

$$= 1 - \frac{2}{13} = \frac{13-2}{13} = \frac{11}{13}$$

7- ایک ڈائس کو دو بار پھینکا گیا۔ کیا احتمال ہے کہ دو میں سے کم از کم ایک بار پھینکنے پر عدد 3 آئے؟

حل: کل نتیجہ $n(S) = 6 \times 6 = 36$

فرض کیا C کم از کم ایک بار پھینکنے پر عدد 3 آنے کا واقعہ ہے۔

$$C = \{(3, 1), (3, 2), (3, 3), (3, 4), (3, 5), (3, 6), (1, 3), (2, 3), (4, 3), (5, 3), (6, 3)\}$$

$$n(C) = 11$$

$$p(C) = \frac{n(C)}{n(S)} = \frac{11}{36}$$

8- ایک تھیلے میں 1 سے لے کر 15 تک اعداد لکھے ہوئے 15 کارڈ ہیں۔ ایک کارڈ بلا ترتیب نکالا گیا۔ احتمال معلوم کیجیے کہ اس پر 5 کے جزو ضربی یا 7 کے جزو ضربی والا عدد لکھا ہو۔

حل:

$$S = \{1, 2, 3, 4, \ldots\ldots, 15\}, \; n(S) = 15$$

فرض کیا A 5 کے جزو ضربی اٹھانے کے پتے کا واقعہ ہے اور B 7 کا جزو ضربی کے پتے اٹھانے کا واقعہ ہے۔

$$A = \{5, 10, 15\}, \; n(A) = 3$$

$$B = \{7, 14\}, \; n(B) = 2$$

$$A \cap B = \phi$$

پس A اور B باہمی متنافی واقعات ہیں۔

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{3}{15} = \frac{1}{5}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{2}{15}$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B)$$

$$= \frac{1}{5} + \frac{2}{15}$$

$$= \frac{3+2}{15} = \frac{5}{15} = \frac{1}{3}$$

9- دو غیر جانبدار سکے اچھالے گئے۔ کم از کم ایک ہیڈ یا دو ہیڈ حاصل کرنے کا احتمال کیا ہے؟

حل: $S = \{HH, HT, TH, TT\},\ n(S) = 4$

فرض کیا A کم از کم ایک ہیڈ آنے کا واقعہ ہے اور B کم از کم دو بار ہیڈ آنے کا واقعہ ہے۔

$$A = \{HH, HT, TH\},\ n(A) = 3$$
$$B = \{HH\},\ n(B) = 1$$
$$A \cap B = \{HH\},\ n(A \cap B) = 1$$
$$P(A \cup B) = P(A) + P(B) - P(A \cap B)$$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{3}{4}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{1}{4}$$

$$P(A \cap B) = \frac{n(A \cap B)}{n(S)} = \frac{1}{4}$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B) - P(A \cap B)$$
$$= \frac{3}{4} + \frac{1}{4} - \frac{1}{4}$$
$$= \frac{3+1-1}{4} = \frac{3}{4}$$

10- ایک مصروف چوراہے پر 50% گاڑیاں دائیں مڑتی ہیں۔ 30% بائیں مڑتی ہیں اور 20% سیدھی چلی جاتی ہیں۔ بلا ترتیب منتخب کی گئی گاڑی کے بائیں یا دائیں مڑنے کا احتمال کیا ہے؟

حل: فرض کیا R دائیں طرف جانے کا واقعہ ہے۔ L بائیں طرف جانے کا اور T سیدھا جانے کا واقعہ ہے۔

$$P(R) = 50\% = \frac{50}{100} = 0.50$$

$$P(L) = 30\% = \frac{30}{100} = 0.30$$

$$P(T) = 20\% = \frac{20}{100} = 0.20$$

پس دائیں اور بائیں باہمی متناہی واقعات ہیں۔

$$P(R \cup L) = P(R) + P(L)$$
$$= 0.50 + 0.30 = 0.80$$

11- دو غیر جانبدار سکے اچھالے گئے۔ دو ہیڈ یا دو ٹیل حاصل کرنے کا کیا احتمال کیا ہے؟

حل: $S = \{HH, HT, TH, TT\},\ n(S) = 4$

پس واقعات باہمی اور متنافی ہیں۔

فرض کیا A دو بار ہیڈ آنے کا واقعہ اور B دو بار ٹیل آنے کا واقعہ ہے۔

www.ilmkidunya.com

$A = \{HH\}, n(A) = 1$

$B = \{TT\}, n(B) = 1$

$A \cap B = \phi$

پس واقعات باہمی اور متنافی ہیں۔

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{1}{4}$$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{1}{4}$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B)$$

$$= \frac{1}{4} + \frac{1}{4}$$

$$= \frac{1+1}{4} = \frac{2}{4} = \frac{1}{2}$$

12- اگر A اور B ایک بلا ترتیب تجربے کے دو باہمی متنافی واقعات ہوں اور P(A نہیں) = 0.45 اور P(A∪B) = 0.65 ہو تو P(B) معلوم کیجیے۔

حل: دیا گیا

$P(\text{نہیں } A) = 0.45,$

$P(A) = 1 - P(\text{نہیں } A)$

$= 1 - 0.45 = 0.55$

$P(A \cup B) = P(A) + P(B)$

$0.65 = 0.55 + P(B)$

$P(B) = 0.65 - 0.55$

$P(B) = 0.10$

13- اگر $P(A) = \frac{2}{3}$, $P(B) = \frac{2}{5}$, $P(A \cup B) = \frac{1}{3}$ ہو تو $P(A \cap B)$ معلوم کیجیے۔

حل: دیا گیا

$$P(A) = \frac{2}{3}, P(B) = \frac{2}{5}, P(A \cup B) = \frac{1}{3}$$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B) - P(A \cap B)$$

$$\frac{1}{3} = \frac{2}{3} + \frac{2}{5} - P(A \cap B)$$

$$P(A \cap B) = \frac{2}{3} + \frac{2}{5} - \frac{1}{3}$$

$$= \frac{10 + 6 - 5}{15}$$

$$= \frac{11}{15}$$

www.ilmkidunya.com

14- A اور B دو ایسے واقعات ہیں کہ $P(A) = 0.42$, $P(B) = 0.48$ اور $P(A \cap B) = 0.16$ تو معلوم کیجیے:

(i) $P(\overline{A})$ (ii) $P(\overline{B})$ (iii) $P(A \cup B)$

حل: دیا گیا ہے $P(A) = 0.42,\ P(B) = 0.48,\ P(A \cap B) = 0.16$

(i) $P(\overline{A})$

$$P(\overline{A}) = 1 - P(A) = 1 - 0.42 = 0.58$$

(ii) $P(\overline{B})$

$$P(\overline{B}) = 1 - P(B) = 1 - 0.48 = 0.52$$

(iii) $P(A \cup B)$

$$P(A \cup B) = P(A) + P(B) - P(A \cap B) = 0.42 + 0.48 - 0.16 = 0.74$$

12.3 احتمال کا قانون ضرب (Multiplication Law of Probability)



(i) اگر A اور B دو آزاد واقعات ہوں تو

$$P(A \text{ اور } B) = P(A \cap B) = P(A) \times P(B)$$

(ii) شرطیہ احتمال

اگر A اور B منحصر واقعات ہوں تو

$$P(A \text{ اور } B) = P(A \cap B) = P(A) \times P(B | A)$$

جہاں $P(B|A)$ واقعہ B کے وقوع پذیر ہونے کا احتمال کو ظاہر کرتا ہے جب کہ یہ فرض کیا جاتا ہے کہ واقعہ A پہلے ہی وقوع پذیر ہو چکا ہے (اسے B جب کہ A دیا گیا ہو پڑھا جاتا ہے)۔

مثال 11: ایک تھیلے میں 4 سرخ اور 3 سبز گیندیں ہیں۔ پھر ایک کے بعد ایک کر کے دو گیندیں نکالی جاتی ہیں (پہلی گیند واپس رکھنے کے بعد دوسری نکالی جاتی ہے)۔ احتمال معلوم کیجیے کہ پہلی گیند سرخ ہو اور دوسری گیند بھی سرخ ہو۔

حل: فرض کریں A واقعہ ہے کہ پہلی گیند سرخ ہو اور B واقعہ ہے کہ دوسری گیند بھی سرخ ہو۔

تب $P(A) = \frac{4}{7}$ اور $P(B) = \frac{4}{7}$ (چونکہ گیند واپس رکھ دی گئی ہے اس لیے سیمپل اسپیس متاثر نہیں ہوتی)

$$P(A \text{ اور } B) = P(A \cap B) = P(A) \times P(B) = \frac{4}{7} \times \frac{4}{7} = \frac{16}{49}$$

مثال 12: ایک تھیلے میں 3 سفید اور 2 سیاہ گولیاں ہیں۔ واپس رکھے بغیر یکے بعد دیگرے دو گولیاں نکالی جاتی ہیں۔ احتمال معلوم کیجیے کہ پہلی گولی سفید ہو اور دوسری گولی بھی سفید ہو۔

حل: فرض کریں A واقعہ ہے کہ پہلی گولی سفید ہو اور B واقعہ ہے کہ دوسری گولی بھی سفید ہو۔

گولیوں کی کل تعداد $= 3 + 2 = 5$

تب $P(A) = \frac{3}{5}$ اور $P(B | A) = \frac{2}{4}$ (چونکہ گولیاں واپس نہیں رکھی گئیں اس لیے سیمپل اسپیس متاثر ہوتی ہے)

$$P(A \text{ اور } B) = P(A) \times P(B | A) = \frac{3}{5} \times \frac{2}{4} = \frac{6}{20} = \frac{3}{10}$$

www.ilmkidunya.com

مثال 13: تاش کے 52 پتوں سے مسلسل (بغیر واپسی کے) دو پتے نکالتا ہے۔ احتمال معلوم کیجیے کہ پہلا پتا بادشاہ ہو اور دوسرا پتا ملکہ ہو۔

حل: فرض کریں A واقعہ ہے کہ نکالا گیا پتا بادشاہ ہو اور B واقعہ ہے کہ نکالا گیا پتا ملکہ ہو۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ واقعہ B کے احتمال کے لیے سیمپل اسپیس کا خیال رکھنا ہوگا۔ کیونکہ واقعہ A پہلے ہی وقوع پذیر ہو چکا ہے۔

$$P(A) = \frac{4}{52} = \frac{1}{13};\quad P(B \mid A) = \frac{4}{51}$$

$$P(A \text{ اور } B) = P(A) \times P(B \mid A)$$

$$= \frac{1}{13} \times \frac{4}{51} = \frac{4}{663}$$

حل مشق 12.3

-1 1 سے 10 تک کے اعداد میں سے دو اعداد کو واپس رکھنے کے ساتھ بلا ترتیب منتخب کیا گیا ہے۔ احتمال معلوم کیجیے کہ:

(i) دونوں مفرد ہوں۔ (ii) ان کا حاصل ضرب جفت ہو۔

حل:

$S = \{1, 2, 3, 4, 5, 6, 7, 8, 9, 10\}, n(s) = 10$

(i) دونوں مفرد ہوں۔

فرض کیا A پہلے جفت عدد نکلنے کا واقعہ ہے اور B دوسری بار جفت عدد نکلنے کا واقعہ ہے۔

$A = \{2, 3, 5, 7\}, n(A) = 4$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(s)} = \frac{4}{10} = \frac{2}{5}$$

چونکہ اعداد واپس رکھے گئے ہیں سیمپل اسپیس پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

$B = \{2, 3, 5, 7\} = n(B) = 4$

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(s)} = \frac{4}{10} = \frac{2}{5}$$

$$P(A \text{ اور } B) = P(A \cap B) = P(A) \times P(B)$$

$$= \frac{2}{5} \times \frac{2}{5} = \frac{4}{25}$$

(ii) ان کا حاصل ضرب جفت ہو۔

جب اعداد کا حاصل ضرب جفت ہو تو حاصل ضرب تب ہی جفت ہوگا اگر اس میں کوئی جفت عدد ہو۔

فرض کیا A طاق عدد نکلنے کا واقعہ ہے اور B طاق عدد نکلنے کا واقعہ ہے۔

$A = \{1, 3, 5, 7, 9,\} = n(A) = 5$

$$P(A) = \frac{n(A)}{n(S)} = \frac{5}{10} = \frac{1}{2}$$

حاصل ضرب اس وقت ہی جفت عدد ہوگا اگر اس میں کوئی بھی جفت عدد ہو۔

پس اعداد کو واپس رکھا گیا ہے تو سیمپل اسپیس پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔

$B = \{1, 3, 5, 7, 9\}\ n(B) = 5$

www.ilmkidunya.com

$$P(B) = \frac{n(B)}{n(S)} = \frac{5}{10} = \frac{1}{2}$$

$$P(A \cap B) = P(A)\,P(B)$$

$$= \frac{1}{2} \times \frac{1}{2} = \frac{1}{4}$$

اب ہم $1 - P(A \cap B)$ احتمال ہوگا کہ حاصل ضرب ایک جفت اعداد ہیں۔

$$P(\overline{A \cap B}) = 1 - P(A \cap B)$$

$$= 1 - \frac{1}{4}$$

$$= \frac{4-1}{4} = \frac{3}{4}$$

-2 لفظ PUNJAB سے ایک حرف اور لفظ LAHORE سے ایک اور حرف منتخب کیا گیا۔ احتمال کیا ہے کہ:

(i) دونوں حروف واؤول ہوں۔ (ii) ایک حرف کانسونٹ اور دوسرا واؤول ہو۔

حل:

$$S = \{P, U, N, J, A, B\},\ n(S) = 6$$

